**مورخہ 02-07-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گورنراور چیف جسٹس بلوچستان نے نماز عید گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سبزہ زار پر ادا کی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | کوئی وعدہ فا نہ کیا وفاق کا رویہ افسوسناک اور مایوس کن ہے، وزیراعلیٰ بزنجو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | عیدالاضحیٰ کے دوران صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا، ضیاء لانگو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | قران پاک پوری انسانیت کیلئے امن اور محبت کی کتاب ہے، نصیب اللہ مری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | عیدالاضحیٰ حضرت ابرہیم کی اطاعت اور حضرت اسماعیل کی تسلیم ورضا کی یادگار ہے، مٹھا خان کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری سے بی پی ایل کے وفد کی ملاقات۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | وڈھ میں حالات کشیدہ ادارے ذمہ داری پوری کریں ہاشم نوتیزئی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | بجٹ میں اریگیشن سسٹم بحالی کیلئے فنڈز مختص ہیں محمد خان لہڑی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | بجٹ میں اجتماعی نوعیت کے منصوبے شامل ہیں سکندر عمرانی۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | عید قربان انسانیت سے محبت اور ایثار کی تجدید کا دن ہے عمر خان جمالی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | شہریوں کو آبنوشی کی فراہمی کیلئے اقدامات کررہے ہیں حامد لطیف رانا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | چمن میں جیل پر نہیں جوڈیشل لاک آپ پر حملہ ہوا آئی جی جیل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | 6ہزار 200 میٹرک ٹن آلائشیں اور کچرا اٹھایا جائے، ایڈمنسٹریڑ کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | عیدالاضحیٰ کے موقع پر 450 عید گاہوں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات داخلی وخارجی راستوں کی چیکنگ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | ہمارے کارکن بکنے یا جھکنے والے نہیں انصاف بھائی چارے اور قومی برابری سے ہی ملک چلایا جاسکتا ہے محمود اچکزئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | غیر فطری گروہ ہمارے مقابلے میں صف آرہو چکے اے این پی۔ | |

## امن وامان

کوئٹہ واندر بلوچستان حادثات واقعات میں 11 افراد جاں بحق پٹ فیڈر کینال میں بچے ڈوب گئے، چمن کی سب جیل سے 17 قیدی فرار جیلر سمیت 4 معطل سرچ آپریشن میں ایک مفرور ہلاک 3 گرفتار، کوئٹہ سول لائن تھانے پر دستی بم سے حملہ ایک اہلکار زخمی، نوشکی میں فائرنگ سے باپ جاں بحق بیٹا زخمی، کوہلو غلط انجکشن نے بچے کی جان لے لی ملزم گرفتار، چاغی میں جرگے کے حکم پر خاتون قتل مقتولہ کا بھائی گرفتار، اوستہ محمد پولیس نے 2 مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

مورخہ 2-07-2023

## عوامی مسائل

اوستا محمد بیکری کی ناقص مٹھائی کھانے سے 20 افراد بے ہوش، تکالیف ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں، لواحقین لا پتہ افراد، ناقص تعمیر بارش نے منٹوں میں ترقیاتی کام کو ملیا میٹ کر دیا کروڑوں نقصان۔ حب پانی کی لائنیں مختلف مقامات سے پھٹ سڑکیں زیر آب۔

## اداریہ:

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے بہت کچھ کرنا باقی ھے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے صوبائی بجٹ کی منظوری پر عوام اور اراکین اسمبلی کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کا یہ آخری بجٹ ہے اور اب ہم انتخابی عمل کی جانب سے بڑھ رہے ہیں اگلے مالی سال کے بجٹ میں کوشش کی گئی ہے کہ تمام وسائل عوام کی ترقی وخوشحالی اور انکے معیار اندگی کو بہتر بنانے کے لئے استعمال ہوں بجٹ میں پیداواری شعبوں کی ترجیح حاصل ہے، جن پر عملدرآمد سے معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا انہوں نے یاددہانی کرائی کہ دستیاب وسائل میں بلوچستان 100 سال بھی ترقی نہیں کر سکتا وزیراعظم پر واضح کیا کہ بلوچستان کی ترقی وفاق کے بھرپور تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتی بلوچستان کو پاکستان کا مستقبل تو کہا جاتا ہے لیکن وفاق نے عملاً صوبے کو تیز یسے ترقی اور خوشحالی سے ہمکنار کرنے کیلئے کچھ نہین کیا صرف نعروں اور وعدوں کے ذریعے صوبے کے لوگوں کو بہلانا ناممکن نہیں بلوچستان نے 7.6 شورشوں کا سامنا کیا ہے اس مسئلے کا مستقبل حل یہ ہے کہ صوبے سے پسماندگی ختم اور اسے دوسرے صوبوں کے برابر لایا جائے اور عوام کو ان کے حقوق دیئے جائیں۔

## اداریے:

روزنامہ مشرق نیوز کوئٹہ نے "**عوامی فلاح اور ترقی وخوشحالی کے عزم کی تکمیل 750 ارب روپے تخمینے کا تاریخ ساز بجٹ 2023-27**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے "Quetta Development Project a dream" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان اگلے مالی سال کے صوبائی بجٹ کا ایک جائزہ**" عنوان سے ڈاکٹر عرفان احمد بیگ نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 02 JUL 2023 Page No: 1


MASHRIQ QUETTA

## گورنراور چیف جسٹس بلوچستان نے نمازعید
## گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سبزہ زار پر ادا کی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ اور چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نعیم اختر افغان.......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 9 پر

نے نمازعید گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سبزہ زار پر ادا کی۔ عیدالاضحیٰ کے بعد ملک وقوم کی ترقی وسلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ نمازعید کے بعد گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ لوگوں میں گھل مل گئے اور انہیں عید کی مبارکباد دی۔ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے صوبے بھر کے عوام سے اپیل کی کہ جانوروں کی قربانی کے وقت حفظان صحت کے تمام اصولوں کو ضرور اختیار کریں۔

## گورنراور چیف جسٹس بلوچستان
## نے گورنر ہاؤس میں نمازعید ادا کی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ اور چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ نعیم اختر افغان نے نمازعید گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سبزہ زار پر ادا کی۔ عیدالاضحیٰ کے بعد ملک وقوم کی ترقی و سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ نمازعید کے بعد گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ لوگوں میں گھل مل گئے اور انہیں عید کی مبارکباد دی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

DATE: 02 JUL 2023

Page No: 3

# CM grieved over demise of actor Shakeel

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo expressed grief over the death of the well-known senior actor Shakeel.

In his condolence statement issued here, he said that the deceased showed the essence of his abilities in the field of acting, saying that he won the hearts of fans with his acting. He said that Shakeels death left a void in the world of art.

He prayed to Allah Almighty to rest the departed soul in eternal peace and grant courage and strengthen to the bereaved family to bear the loss with fortitude.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo took notice of the escape of 17 dangerous prisoners from Chaman Jail on Thursday. The Chief Minister ordered to conduct a high-level investigation into the incident. He also asked the Additional Chief Secretary Home for a report on the incident, said a handout.

The CM instructed that law enforcement agencies should take joint action to arrest escaped prisoners.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 02 JUL 2023 Page No: 5


## عیدالاضحیٰ کے دوران صوبے بھر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا، ضیاء لانگو

**پولیس لیویز ایف سی اور تمام سیکورٹی اداروں کی کارکردگی تسلی بخش رہی، سیکورٹی اداروں کے جوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہیں**

**عیدگاہوں سمیت نماز عید کے لئے مختص مقامات پر سیکورٹی پلان کا سو فیصد عمل درآمد کیا گیا، ایف سی کا خصوصی تعاون حاصل رہا**

**حکومت بلوچستان نے کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں عیدالاضحیٰ کے دوران امن وامان کے قیام کے لئے فول پروف سیکورٹی پلان تشکیل دیا**

کوئٹہ (اے پی پی) وزیر داخلہ وقبائلی امور بلوچستان میر ضیاء لانگو نے عیدالاضحیٰ کے دوران صوبے بھر میں مجموعی طور پر امن وامان کی تسلی بخش صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پولیس لیویز اور ایف سی سمیت تمام سیکورٹی اداروں کے موثر اقدامات پر فورسز کی کارکردگی کی تعریف کی ہے۔ اے پی پی سے گفتگو کرتے ہوئے میر ضیاء لانگو نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں عیدالاضحیٰ کے دوران امن وامان کے قیام کے لئے فول پروف سیکورٹی پلان تشکیل دیا اور تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز سمیت ........ بقیہ نمبر40 صفحہ 9 پر

ضلعی پولیس افسر اپنی اپنی جائے تعیناتوں پر موجود رہے اور عیدگاہوں سمیت نماز عید کے لئے مختص مقامات کا جائزہ لیتے رہے۔ سیکورٹی پلان کو سو فیصد عمل درآمد یقینی بنایا گیا۔ جبکہ بحالی امن کے لئے ایف سی کا بھی خصوصی تعاون حاصل رہا۔

## عید قربان انسانیت سے محبت اور ایثار کی تجدید کا دن ہے، عمر خان جمالی

**ہم اپنے ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر قربانی کا جذبہ پیدا کریں تاکہ ملک وقوم ترقی کرسکیں**

**قومی یکجہتی، امن و ترقی، انسانیت دوستی اور عوامی خوشحالی کیلئے قربانی و ایثار کا بھرپور مظاہرہ کرنا ہوگا**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی مشیر توانائی میر محمد عمر خان جمالی نے کہا ہے کہ عید قربان انسانیت سے محبت اور ایثار کی تجدید کا دن ہے اس روز سنت ابراہیمی کی ادائیگی ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی اور دوسروں کے دکھ سکھ بانٹنے کیلئے اپنی پیاری چیز قربان کرنے کا احساس دلاتی ہے اور یہی انسانیت کی اصل معراج ہے۔ انہوں اپنے بیان میں کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کا دن ہمیں اتحاد واتفاق کا درس دیتا ہے کہ ہم اپنے ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر قربانی کا جذبہ پیدا کریں اسلام کی روح کو زندہ رکھنے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کریں۔ انہوں نے تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں پر زور دیا کہ وہ عید قربان کے فلسفے کو نہ صرف آج بلکہ پورا سال تازہ رکھیں اور ایسا جب ممکن ہے جب ہم قومی یکجہتی، امن و ترقی، انسانیت دوستی اور عوامی خوشحالی کیلئے قربانی و ایثار کا بھرپور مظاہرہ کریں انہوں نے اس موقع پر سیکورٹی فورسز کے شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے بھی دعا کی اور ان کے لواحقین کو عید کی مبارک دیتے ہوئے دلی ہمدردی کا اظہار کیا

## عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیمؑ کی اطاعت اور حضرت اسماعیلؑ کی تسلیم و رضا کی یادگار ہے، مٹھا خان کاکڑ

**عید قربان کے روز اطاعت و ایثار اور قربانی کی لازوال مثال قائم کی گئی ہے، صوبائی مشیر اطلاعات**

**حضرت ابراہیم کا عمل اللہ پاک کو ایسا پسند آیا کہ اسے تاقیامت امت محمدی کیلئے عبادت کی حیثیت سے لازم قرار دیدیا**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی مشیر اطلاعات بلوچستان حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ حضرت ابراہیم کی اطاعت اور حضرت اسماعیل کی تسلیم و رضا کی یادگار ہے، انہوں نے کہا کہ عید قربان کے روز اطاعت و ایثار اور قربانی کی لازوال مثال قائم کی گئی ہے، یہ عمل خالق کائنات کو ایسا پسند آیا کہ اسے تاقیامت امت محمدی کیلئے عبادت کی حیثیت سے لازم قرار دیدیا۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر تمام اہل وطن کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ آپ سب کی زندگی میں اس طرح کی خوشی کے مواقع بار بار آتے رہیں۔ حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا کہ قربانی کا جذبہ ایک عالمگیر حیثیت کا حامل ہے۔ ہر مسلمان اپنی توفیق اور استطاعت کے مطابق قربانی کرتا ہے۔ دنیا میں کوئی بھی قوم اس وقت تک اخلاقی سربلندی حاصل نہیں کرسکتی جب تک اس میں ایثار و قربانی کا جذبہ موجزن نہ ہو۔ قربانی کا مقصد انسان کا اپنی خواہشات کو اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لئے قربان کرنا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

DATE: 0 2 JUL 2023 Page No: 11


6

# بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے بہت کچھ کرنا باقی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے صوبائی بجٹ کی منظوری پر عوام اور اراکین اسمبلی کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کا یہ آخری بجٹ ہے اور اب ہم انتخابی عمل کی جانب بڑھ رہے ہیں اگلے مالی سال کے بجٹ میں کوشش کی گئی ہے کہ تمام وسائل عوام کی ترقی وخوشحالی اور انکے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے استعمال ہوں بجٹ میں پیداواری شعبوں کو ترجیح حاصل ہے جن پر عملدرآمد سے معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا انہوں نے یاددہانی کرائی کہ دستیاب وسائل میں بلوچستان 100 سال بھی ترقی نہیں کرسکتا وزیراعظم پر واضح کیا کہ بلوچستان کی ترقی وفاق کے بھرپور تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتی بلوچستان کو پاکستان کا مستقبل تو کہا جاتا ہے لیکن وفاق نے عملاً صوبے کو تیزی سے ترقی اور خوشحالی سے ہمکنار کرنے کیلئے کچھ نہیں کیا صرف نعروں اور وعدوں کے ذریعے صوبے کے لوگوں کو بہلانا ممکن نہیں بلوچستان نے 7.6 شورشوں کا سامنا کیا ہے اس مسئلے کا مستقل حل یہ ہے کہ صوبے سے پسماندگی ختم اور اسے دوسرے صوبوں کے برابر لایا جائے اور عوام کو ان کے حقوق دیئے جائیں ہماری حکومت کسی بھی مرحلے پر صوبے کے حقوق سے پیچھے نہیں ہٹی نہ ہی کسی دباؤ میں آئی اسکی سب سے بڑی مثال ریکوڈک سمجھوتہ ہے۔

وزیراعلیٰ نے مختصر عرصے کے دوران اپنے اور حکومت میں حاصل ہونے والی اہم کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے ائندہ مالی سال کے دوران تجویز کردہ اہم منصوبوں کا بھی ذکر کیا اور اس موقف کا اظہار کیا کہ ان منصوبوں سے عوام کی زندگیوں میں بہتری آئے گی ان کا کہنا ہے کہ ہم نے عوامی بجٹ پیش کیا اور اس میں تمام شعبہ جات کیلئے خاطر خواہ فنڈز مختص کیئے ہیں اسکے اثرات یقینی طور پر عام لوگوں تک پہنچیں گے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی معیاد ختم ہونے میں اب بہت ہی کم وقت رہ گیا ہے اور آئندہ تین چار ماہ کے اندر عوام قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے نمائندوں کا انتخاب کریں گے ظاہر ہے وہ اپنی 5 سال کی کارکردگی کی بنیاد پر ہی عوام سے ووٹ مانگیں گے۔

بلوچستان کے وسائل بہت محدود ہیں جس کی وجہ سے صوبے کی ترقی اور خوشحالی کا عمل بہت ہی سست انداز میں آگے بڑھتا ہے۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہیں الاؤنس دیگر مراعات اور پنشن بل بجٹ کا بیشتر حصہ صرف ہوجاتا ہے ترقیاتی کاموں کیلئے 200 ارب سے کچھ زائد رقم بچتی ہے جس میں اتنے وسیع و عریض صوبے کی ترقیاتی ضروریات کا پورا ہونا ناممکن ہے قدرتی آفات یا دیگر وجوہات کی بناء پر جو اضافی اخراجات اٹھتے ہیں وہ بھی ترقیاتی بجٹ سے پورے ہونے ہیں اس طرح یہ رقم مزید کم ہوجاتی ہے وفاقی حکومت بھی معاشی بحرانوں میں گھری ہوئی ہے بلوچستان کے لئے این ایف سی کا جو حصہ مختص ہے وہ بھی پورا صوبے کو نہیں مل پاتا جبکہ وفاقی ترقیاتی منصوبوں کیلئے مختص فنڈز کا شاید 50 فیصد بھی صوبے کو نہیں ملتا یہی وجہ ہے کہ بلوچستان ترقیاتی دیگر صوبوں سے بہت پیچھے ہے جس سے احساس محرومی میں اضافہ کے ساتھ دیگر مسائل اور پیچیدگیاں جنم لے رہی ہیں وزیراعلیٰ نے 7.6 شورشوں کی طرف جو اشارہ کیا ہے وہ بالکل درست ہے بلوچستان کو تیزی سے ترقی دینے کا واحد راستہ اب یہی رہ گیا ہے کے صوبے کے قدرتی وسائل کو پوری طرح بروئے کار لایا جائے اور اس سے حاصل ہونے والی آمدنی کے غالب حصے کو صوبے کو ادا کیا جائے سینڈک اور ریکوڈک منصوبوں اور گیس کے وسیع ذخائر سے حاصل ہونے والی آمدنی کا قلیل حصہ ہی بلوچستان کو ملتا ہے صوبائی حکومت نے ریکوڈک معاہدہ نسبتاً بہتر شرائط کی بنیاد پر کیا ہے لیکن اس کی آمدنی سے بھرپور استفادہ 5.4 سال بعد ہی ممکن ہوسکے گا۔ بلوچستان حکومت نے اپنے دور اقتدار میں موجودہ وسائل کے اندر رہتے ہوئے اپنی بساط کے مطابق صوبے کے لوگوں کے مسائل حل کرنے صوبے کے تمام اضلاع میں ترقیاتی عمل کو یکساں طور پر آگے بڑھانے لوگوں کو روزگار کی فراہمی اور وفاق سے صوبے کے حقوق کے حصول کیلئے ٹھوس اور نتیجہ خیز اقدامات اٹھائے ہیں لیکن صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 02 JUL 2023 Page No: 12


# Quetta Development Projects a dream

The development of Quetta, the provincial capital of Balochistan, seems to be a dream. Regrettably during the past two years, the city instead of making any development has turned to become a ruined city. All the main roads of the city, including that of Sariab Road, Sabzal Road, Qambrani Road, Munir Ahmed Mengal Road and Sirki Road are in a state of construction for the past two to three years but still they are far away from completion. Apart from these main roads within the city, the condition of other roads, sewerage lines, and footpaths in most of the localities is very pathetic. Sadly, the incumbent government seems disinterested with regard to development of Quetta city and completing Quetta development projects and expansion of roads in stipulated time. The Balochistan government had allocated Rs 24.5 billion for the Quetta Development Programme, aiming to bring a positive change in the city's landscape and giving it a facelift. The development package included extension of various roads, improving sewerage system, installation of street lights and construction of footpaths that would restore the lost beauty of Quetta. The projects initiated under the Quetta Development Programme include construction and rehabilitation of Sariab Road, Prince Road, Sirki Road, Zarghoon Road, Sabzal Road, Brewery Road, Nawan Killi Bypass and Western Bypass to Sariab Road. Reportedly the government also paid an amount of Rs5 million for the development, clearing, aligning and reconstruction of 7.6 kilometers long Sariab Road of the city to provide basic facilities to the residents. Work on some projects were initiated but they were not taken seriously therefore all the development projects of Quetta are almost incomplete and have become a nightmare for the residents. The pace of construction of Sariab Road, Sabzal Road and Sirki Road is very slow and it would take years to be completed if the government of Balochistan did not show seriousness in this connection. It is distressing that in the name of face-lifting and beautification of the city, billions of rupees are spent but the face of Quetta city is blemishing instead of improving. Balochistan is already facing a number of challenges including that of health, education, drinking water and infrastructure particularly in remote areas. The province is also facing financial issues therefore, it cannot afford wastage of resources and funds. It is inevitable that the government must pay serious attention towards completion of all development projects timely and keep special focus over quality of work. Timely completion of projects will help save resources which should be used in other parts of the province for the welfare of masses.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 02 JUL 2023 Page No: ________



کوئٹہ : گورنر عبدالولی کاکڑ اور چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ نعیم اختر افغان گورنر ہاؤس میں نماز عید ادا کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے
ہمایوں کاکڑ مصافحہ کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ ملاقات کر رہے ہیں

Balochistan Time Quetta



QUETTA: IGP Abdul Khaliq Sheikh calls on Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar on Eid Day.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 0 2 JUL 2023 Page No:________



صوبائی مشیر ملک نعیم بازئی عید ملنے والوں سے بات چیت کررہے ہیں



صوبائی وزیر اسد بلوچ سے پنجگور میں مختلف شخصیات عید کے موقع پر ملاقات کررہی ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوہلو: صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کررہے ہیں



تمبو: صوبائی وزیر حاجی محمد خان لہڑی سے رانا خان مغیری علی حسن مغیری عبید مغیری ودیگر عید مل رہے ہیں